# مردم شماری سال 2025
# سوالنامے کوپُر کرنے کا طریقہ کار

政府統計

دفتر شماریات
وزارت امور داخلہ و مواصلات

اس کتابچے میں مردم شماری کا مقصد اورپُر کرنے کے طریقہ کار کی وضاحت کی گئی ہے، نیز"سوالنامے کا اردو ترجمہ" اور اس "سوالنامے کوپُر کرنے کا طریقہ کار" کا صفحہ نمبر 2 تا صفحہ نمبر 8 ملاحظہ فرمائیں اور برائے مہربانی جاپانی زبان کے سوالنامے کو پُر کریں۔
برائے مہربانی پُر کیے ہوئے سوالنامہ فارم کو 3 تہیں لگا کر فولڈ کرلیں اور فراہم کردہ لفافے میں ڈال کر ڈاک کے ٹکٹ لگائے بغیر ہی 8 اکتوبر (بروز بدھ) تک آپ کے نزدیک ترین پوسٹ بکس میں ڈال کر ارسال کر دیں
آخری تاریخ تک سوالنامہ فارم جمع نہ کروانے کی صورت میں، بعد ازاں آپ کی خدمت میں دوبارہ حاضر ہو کر سوالنامہ فارم جمع کریں گے۔
آپ کی فراہم کردہ تفصیلات صرف اعداد و شمار تیار کرنے کےلیے استعمال کی جائیں گی، اور امیگریشن یا پولیس کی تفتیش، وغیرہ جیسے دیگر مقاصد کے لیے ہر گزاستعمال نہیں کی جائیں گی۔

## مردم شماری کے بارے میں

حالیہ یکم اکتوبر 2025 کو، بیک وقت پورے جاپان میں مردم شماری کی جائے گی۔
یہ مردم شماری جاپانی قانونِ شماریات کے قانون کے تحت ہونے والا، حکومت جاپان کا منعقد کردہ اہم ترین شماریاتی سروے ہے۔
اور بلا امتیاز قومیت جاپان میں مقیم تمام افراد اس کے زیر احاطہ ہیں۔
اس قانونِ شماریات کے تحت ہر فرد کو سوالنامہ پُر کر کے جمع کرا کے مطلع کرنا لازمی قرار پایا ہے۔
مزید براں، مردم شماری کے اہلکار سے لے کر مردم شماری سے تعلق رکھنے والے تمام افراد پر لازم قرار پایا ہے کہ وہ اس کو صیغۂ راز میں رکھیں۔
آپ کا پُرکیا گیا سوالنامہ غیر متعلقہ ذرائع تک نہ جانے کے لئے سخت انتظامات کیے گئے ہیں، نیز شماریات کے کام کی تکمیل کے بعد انہیں مکمل طور پر ضائع کر دیا جائے گا۔
مردم شماری کے نتائج کو، غیر ملکی باشندوں کے لیے بھی پُر آسائش شہری ماحول کی تشکیل کے مقصد کےلئے بنیادی دستاویزکے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

## ہر گھرانے کے لیے علیٰحدہ سوالنامہ پُر کریں

◆ ایک عام گھرانے کی طرح مشترکہ رہائش اور ذریعہ معاش رکھنے والے افراد کے گروہ کو ایک گھرانہ شمار کیا جائے گا۔
◆ تنہا ایک گھر میں رہنے والا شخص ایک گھرانے کی حیثیت سے شمار کیا جائے گا۔

- درج ذیل افراد، جیسا کہ الگ الگ بیان کیا گیا ہے، اپنے گھرانے کا تعین کریں۔


○ کرایہ دار، بورڈنگ ہاؤس
( بشمول مشترکہ کمرہ ) ...... غیر شادی شدہ افراد کو، انفرادی طور پر ایک گھرانے کے طور پر شمار کیا جائے گا۔
اگربہن بھائی وغیرہ، خاندان کے ساتھ اکٹھے رہتے ہیں تو کنبے کے لحاظ سے ایک گھرانے کے طور پر شمار کئے جائیں گے۔

○ گھر میں ساتھ رہائشی انفرادی ملازمین...... مالک کے گھرمیں رہائش پذیر ملازمین کو مالک کے گھرانے میں شمار کیا جائے گا۔
مالک کی رہائشی عمارت سے الگ رہائش کی صورت میں، مالک سے الگ، ایک فرد ایک گھرانے کے طور پر شمار کیا جائے گا۔

○ کمپنی یا غیر شادی شدہ افراد کے ہاسٹل، یا بورڈنگ ہاؤس میں رہائش پذیر انفرادی ملازمین...ایک فرد ایک گھرانے کے طور پر شمار کیا جائے گا۔

## سوالنامہ کیسے پُر کریں

- سوالنامہ کے جوابات کالے پنسل یا مکینکل پنسل سے پُر کریں۔
- مارک " ⬭ " کو " ⬬ " کی طرح بھر دیں۔
- ہندسے خانے سے باہر نہ جائیں، ان کو خانے کے اندر دائیں طرف سے لکھیں۔




## سوالنامے کا صحفہ نمبر 1 کو پُر کرنے کا طریقہ

### گھرانے کے بارے میں

### 1 گھرانے کی قسم

" دیگر" گھرانوں میں وہ لوگ شامل ہیں جن کے پاس گھر نہیں ہیں یا عارضی قیام گاہ یا تعمیراتی ورکروں کی ہاؤسنگ میں اکیلے رہتے ہیں۔

### 2 گھرانے کے افراد کی تعداد

ایک گھرانے میں 5 سے زیادہ افراد ہونے کی صورت میں سوالنامے کے صحفہ نمبر 1 پر گھرانے کے افراد کی کل تعداد لکھیں۔

### 3 مکان کی نوعیت

**ذاتی ملکیتی مکان** ........................ اپنا ذاتی ملکیت کا مکان۔ اس میں وہ مکان بھی شامل ہیں جس کی ابھی رجسٹریشن نہ ہوئی ہو یا جس کے ہاؤسنگ لون کی ادائیگی ابھی باقی ہو۔

**شہری ترقیاتی ایجنسی (UR)**
**عوامی کارپوریشن یا ادارے کا کرایے کا مکان** ··· کرایے کی مکان جیسے کہ، شہری ترقیاتی ادارے نیز مقامی حکومت یا میونسپل مینجمنٹ کی ہاؤسنگ سپلائی کارپوریشن/ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن، ترقیاتی کارپوریشن کے مکان، وغیرہ
تاہم، اس میں کمپنی یا سرکاری ملازمین ہاؤسنگ شامل نہیں ہیں۔

**کمپنی یا سرکاری ملازمین ہاؤسنگ** ······ اگر آپ کسی ایسے مکان میں رہائش پذیر ہیں، جہاں آپ کام کرتے ہیں اس کمپنی، سرکاری ادارے، یا کمپنی کے مالک کی ملکیت ہو یا اس نے کرایے پر لیا ہو۔

**کرایے پر کمرہ یا حصہ لینا**················ کسی دوسرے گھرانے کے گھر کا کچھ حصہ کرایے پرلیا ہونے کی صورت میں۔
تاہم، اگر کرایہ پر لیا گیا کچھ حصہ، درج ذیل ① اور ② میں دی گئی دونوں شرائط پر پورا اُترتا ہے تو، یہ " نجی کرائے کا مکان یا فلیٹ " شمار کیا جائے گا۔

**کمپنی کے غیرشادی شدہ**
**افراد کی رہائش یا ہاسٹل** ··············· کمپنی، سرکاری ادارے یا کسی تنظیم کے عملے کے تنہا افراد یا اپنے ملازمین کی رہائش کے غرض سے کرایے پر لی گئی عمارت۔
تاہم، اگر رہائش کے لیے لیا گیا کچھ حصہ، درج ذیل ① اور ② میں دی گئ دونوں شرائط پر پورا اُترتا ہے تو، یہ " کمپنی یا سرکاری ملازمین ہاؤسنگ " شمار کی جائے گی۔

① دوسرے کے گھرانے کی جائے رہائش سے قطعی طور پر الگ ہو۔
② آپ کے گھرانے کے لیے مختص داخلی و خارجی دروازہ، کھانا پکانے کا بیسن (باورچی خانہ)، اور بیت الخلاء ہونا چاہیے (اگر دوسرے گھرانے کے ساتھ مشترکہ ہو تو بھی، اس گھرانے کے رہائشی حصے سے گزرے بغیرکسی بھی وقت قابل استعمال ہونا ضروری ہے، ایسے مکان بھی شامل ہیں) ۔

**4** گھر کا طرز تعمیر

علیحدہ مکان ........................... اس سے مُراد ایسی عمارت جو ایک مکمل گھر ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ اگر اس عمارت کو رہائش اور تجارتی جگہ کے مقاصد سے استعمال کیا جاتا ہے اور اگر یہ پوری عمارت ایک مکمل گھر ہے تو بھی اسے ”علیحدہ مکان“ سمجھا جاتا ہے۔

مشترکہ رہائشی منصوبہ ............... اپارٹمنٹ یا فلیٹ کی طرح سے، ایسی عمارت جس کے اندر 2 یا اس سے زائد گھر موجود ہوں، ان میں راہداری اور سیڑھیاں مشترک ہوں، اور ایک دوسرے کے اوپر تعمیر کیے گئے مکانات کو کہا جاتا ہے۔ بشمول وہ عمارتیں جن میں پہلی منزل پر تجارتی مرکز اور دوسری منزل سے اوپر رہائشی مکانات بھی ہوتے ہیں۔ اس صورت میں، ”پوری عمارت میں منزلوں کی تعداد“ اور ”جس منزل پر آپ رہائش پذیر ہیں“ یہ بھی پُر کرنا ہوگا۔

※ حتیٰ کہ اگر باہر سے علیحدہ مکان کی طرح دکھائی دینے والی عمارت بھی، پہلی منزل اور دوسری منزل الگ الگ ہو، اور دوسری منزل کے لیے الگ سے سیڑھیاں مہیا کی گئی ہوں تو بھی یہ ”مشترکہ رہائش گاہ“ ہی سمجھا جاتا ہے۔

※ میزونیٹ یا ڈوپلیکس ٹائپ کے مکان (مشترکہ مکان جن میں ایک یونٹ 2 منزلوں میں تقسیم کیا گیا ہو) کی صورت میں، داخلی اور خارجی دروازے والی منزل ”رہائش پذیر مکان کی منزلوں کی تعداد“ سمجھی جاتی ہے۔

※ زیرزمین منزل والے ”مشترکہ مکان“ کی صورت میں، ”پوری عمارت کی منزلوں کی تعداد“ میں زمین کے اوپر والی منزلوں کی تعداد تحریر کریں۔ اور اگر آپ زیرزمین والی منزل میں رہائش پذیر ہوں تو ”رہائش والی منزل“ کے لیے ” 1 “ تحریر کریں۔

قطار میں ایک ہی طرز کے مکانات ... جانے پہچانے قطار والے مکان یا ٹیرس والے مکان کی طرح، مکان کی مشترکہ دیوار کے ساتھ 2 سے زائد گھروں کی عمارت ایک دوسرے کے ساتھ لگے ہوئے، اور ہر ایک کا الگ الگ باہر کا داخلی اور خارجی دروازے والے مکانوں کو کہا جاتا ہے۔

دیگر ................................ مندرجہ بالا کے علاوہ، مثال کے طور پر، فیکٹری، اور دفتر، وغیرہ کے اندر رہائش والی جگہ کو بھی کہتے ہیں۔

## گھرانے کے تمام افراد کے بارے میں
## 5- نام اور جنس

اگر یکم اکتوبر2025 رات 12 بجے تک پیدا ہونے والا بچہ جس کا ابھی نام نہیں رکھا گیا ہو، تو ”نام رکھنے سے قبل“ (نام) کے اندر نام لکھ کر جنس پر نشان لگائیں۔

**عام طور پر ساتھ رہنے والے تمام افراد** سے مُراد ہے، اطلاع برائے رجسٹریشن غیرملکی افراد سے قطع نظر، یکم اکتوبر 2025 تک تاحال آپ کے گھرانے میں موجود مندرجہ ذیل افراد کو کہا جائے گا۔
- ◆ جو پہلے ہی 3 ماہ سے زیادہ ساتھ رہ رہے ہوں
- ◆ جن کو ساتھ رہتے ہوئے ابھی 3 مہینے کا عرصہ تو نہیں ہوا ہے، لیکن 3 مہینے سے زائد رہنے کا ارادہ رکھتے ہوں

● اگرچہ وہ آپ کی فیملی کے فرد نہ ہوں، لیکن آپ کے گھرانے میں 3 مہینے سے زیادہ عرصہ سے رہ رہے ہوں یا رہنے کا ارادہ رکھتے ہوں، تو ایسے افراد کے بارے میں بھی لکھیں۔

● مندرجہ ذیل افراد کے بارے میں، ان سے متعلقہ جگہ پر سوالات کیے جائیں گے۔

➢ اگر آپ کی فیملی میں درج ذیل افراد موجود ہیں تو پُر کرتے وقت خاص توجہ درکار ہے۔

○ وہ افراد جو سیاحت، کاروباری سفر یا روزگار کمانے کی غرض سے وقتی طور پر گھر میں موجود نہیں ہیں
…… اگرگھر پر غیرموجودگی کی مدت 3 ماہ تک ہے تو، گھر پرموجود افراد کے طور پر شمار کیا جائے گا
…… اگر گھرمیں غیرموجودگی کی مدت 3 ماہ سے زائد ہے تو، سیاحت، کاروباری سفر یا روزگار کمانے کی منزل سفر پر شمار کیا جائے گا۔

○ اسکولوں کے اسٹوڈنٹ ہاسٹل یا بورڈنگ ہاؤس میں مقیم طلباء
…… ان کا شمار اس اسٹوڈنٹ ہاسٹل، دورمیٹری یا بورڈنگ ہاؤس میں کیا جائے گا۔

○ ہسپتال یا سینیٹوریم، وغیرہ میں داخل افراد
…… ہسپتال داخل ہونے کی مدت 3 مہینے سے کم ہو توان کا شمار گھر پر موجود افراد کے طور پر کیا جائے گا۔
…… ہسپتال میں داخلے کی مدت 3 مہینے یا اس سے زیادہ ہو تو ان کا شمار اس ہسپتال میں ہو گا۔

○ بحری جہاز میں سوار افراد …… ان کا شمار گھر میں مقیم افراد کے طور پر کیا جائے گا۔

○ جیل یا حراستی مراکز میں موجود افراد، جن کی سزا کا فیصلہ سُنا دیا گیا ہو

○ بچوں کے اصلاح خانوں میں نظربند افراد
…… ان کا شمار ان اداروں میں مقیم افراد کے طور پر ہو گا۔

○ وہ افراد جن کے پاس 3 مہینے یا اس سے زیادہ عرصہ تک مستقل رہائش نہ ہو، یا رہائش کا تعین بھی نہ ہو
…… ان کا شمار ان کی موجودہ رہائش کی جگہ پر کیا جائے گا

○ 2 جگہوں پر جائے رہائش کے حامل افراد
ان کا شمار اُس جگہ ہو گا جہاں وہ زیادہ دن گزارتے ہیں……

## 6- گھرانے کے سربراہ سے رشتہ

ایک ہی گھر میں سکونت پذیر افراد میں سے ایک شخص کو ”گھر کے سربراہ یا نمائندہ“ کے طور پر نامزد کیا جاتا ہے۔ گھرانے کے دیگر افراد کا ”گھر کے سربراہ یا نمائندہ“ سے متعلقہ رشتے پر نشان لگائیں

**دیگر رشتہ دار** …… پڑدادا پڑدادی، پڑنانا پڑنانی، پڑپوتے پڑپوتیاں، پڑنواسے پڑنواسیاں، چچا، چچی، ماموں، ممانی، خالو، خالہ، پھوپھا، پھوپھی، بھتیجے و بھانجے، بھتیجیاں و بھانجیاں، چچا زاد و ماموں زاد بہن بھائی، اور رشتہ داروں کے بچے، وغیرہ (بشمول ان کے شرکاء حیات)

**دیگر** ……………… کسی دوست کے دیکھ بھال کے لیے ساتھ رہنے کی صورت میں، ایک ساتھ سکونت پذیر رشتہ داروں کے علاوہ، (ساتھ رہائش پذیر ملازمین کے علاوہ)

## 9. شہریت

دوہری یا اس سے زائد شہریت کے حامل افراد، جاپان کی شہریت کے حامل افراد "جاپان" پر نشان لگائیں۔
جن کے پاس جاپانی شہریت نہیں ہے، وہ ان میں سے کسی ایک ملک کا نام (ملک کا نام) خانے میں لکھیں۔

## 10. موجودہ پتہ پر رہائش کی مدت

موجودہ پتہ پر رہائش شروع کرنے کے بعد، کمپنی کی تبدیلی، کمپنی کی طرف سے گھر سے دور ٹرانسفر، سفر، کاروباری سفر، روزگار کے لیے باہر جانا، وغیرہ کی وجہ سے 3 مہینے سے زیادہ عرصہ گھر پر موجود نہ ہونے کی صورت میں، اس عرصہ کے بعد، موجودہ پتہ پر واپس آنے کے بعد کی مدت پر نشان لگائیں۔

## 11. آپ 5 سال (یکم اکتوبر2020 سے) قبل کہاں رہائش پذیر تھے/تھیں؟

5 سال قبل (یکم اکتوبر 2020) کی عام طور پر رہائش کی جگہ کا نام لکھیں۔

- یکم اکتوبر 2025 کو ابھی ہسپتال میں موجود نومولود بچےکے بارے میں ہسپتال سے فارغ ہونے کے بعد عام طور پر رہائش کا فیصلہ کیا گیا اس جگہ کے بارے میں لکھیں۔

- ٹوکیو میٹروپولیٹن ایریا سے مُراد درج ذیل 23 کُو یا وارڈ ہیں۔

(چی یوداکُو، چُواوکُو، مِیناتوکُو، شِین جُوکُو، بُونکیوکُو، تائی تَوکُو، سُومِیداکُو، کوتوکُو، شِیناگاواکُو، میگُوروکُو، اَوتا کُو، سیتاگایا کُو، شِبِی بُویا کُو، ناکانوکُو، سُوگِینامی کُو، توشِیما کُو، کِیتا کُو، آراکاوا کُو، اِیتاباشی کُو، نیرِیما کُو، آداچِی کُو، کاتسُوشِیکا کُو، ایدوگاواکُو، وغیرہ)

## سوالنامے کے صحفہ نمبر 2 کو پُر کرنے کا طریقہ

### گھرانے کے تمام افراد کے لئے

### 12 - کیا آپ نے 24 سے 30 ستمبر 2025 تک کا ایک ہفتہ کام کیا؟

وہ افرد جنہوں نے 24 تا 30 ستمبر تک اُجرت کے عوض تھوڑا سا بھی کام کیا ہو تو وہ اوپر والے حصے میں اور وہ افراد جنہوں نے اُجرت کے عوض تھوڑا سا بھی کام نہیں کیا تو وہ نیچے والے حصے میں متعلقہ زمرے پر صرف ایک جگہ نشان لگائیں۔

”پریکٹیکل ٹیکنیکل ٹریننگ“ کی غرض سے جاپان میں قیام کا اجازت نامہ رکھنے والے افراد جن کی تعلیم کا دورانیہ ابھی باقی ہو تو وہ ”اسکول میں زیر تعلیم“ پر نشان لگائیں۔

**امورخانہ داری جیسے دیگر کام** ··· بنیادی طور پر گھریلو کام میں مشغول رہنے کے ساتھ ، اُجرت کے حصول کی غرض سے چاہے مختصر وقت کے لیے کام کرنا، جیسے کہ پارٹ ٹائم ملازمت، گھریلو کاروبار میں ہاتھ بٹانا، اور اُجرتی کام، وغیرہ۔

**کام سے رُخصت پر تھا/تھی** ······ **ملازمت کرنے والے** افراد، بیماری یا تعطیلات کی وجہ سے کام سے رُخصت پر ہونے کے باوجود، تنخواہ وغیرہ وصول کرنے یا، ملازمت انشورنس ایکٹ کی بنیاد پربچوں کی نگہداشت کی با وظیفہ چھٹیوں یا عُمر رسیدہ افراد کی نگہداشت کی با وظیفہ چُھٹیوں پر گئے ہوئے افراد۔

**ذاتی کاروبار چلانے والے** افراد جن کو بیماری یا تعطیلات کی وجہ سے کام سے چھٹیوں کے آغاز سے اب تک 30 دن پورے نہ ہونے کی صورت میں اس زمرے میں شمار کئے جائیں گے۔

**کام کی تلاش میں تھا/تھی ……** ملازمت نہ ہونے کی وجہ سے، ہیلو ورک (سرکاری تحفظ روزگار دفتر) جا کر کام کے لیے درخواست دینا، اخبارات میں شائع ہونے والی خالی آسامیوں کے اشتہارات کے ذریعے ملازمت تلاش کرنا، یا دیگر لوگوں سے ملازمت کے لیے متعارف کرانے کی درخواست کرنا، وغیرہ جیسے مثبت طریقوں سے ذریعہ معاش تلاش کرنے کی صورت میں۔
تاہم، اس زمرے کا اطلاق صرف اسی وقت ہو گا جب کسی ملازمت کی پیشکش ہوتے ہی بلا توقف اس کام کو قبول کرلیا جائے۔

**اسکول میں زیرتعلیم ………** جاپانی زبان سیکھنے کی کلاسوں یا کھانا پکانے کی کلاسوں میں ہفتے میں ایک دو بار شرکت کرنے کی صورت میں اس میں شامل نہیں کیا جائے گے۔

➢ کنڈرگارٹن ، نرسری یا چھوٹے بچوں کی نگہداشت کے لئے باہمی تعاون کے منظور شدہ اداروں میں جانے والے بچوں کا شمار ”دیگر“ میں کیا جائے گا۔

**کام کرنے والے افراد یا اسکول میں زیر تعلیم افراد کے لیے**

## 13. کام کی جگہ یا اسکول کا محل وقوع

- کام کرنے کے ساتھ ساتھ اسکول بھی جانے والے افراد کام کی جگہ پر نشان لگائیں۔

➢ ٹوکیو میٹروپولیٹن ایریا کے بارے میں، صفحہ نمبر 5 کےآپ 5 سال قبل ”11 (یکم اکتوبر2020 سے) کہاں رہائش پذیر تھے/تھیں؟“ کی وضاحت کا حصہ ملاحظہ کریں۔

- ذیل میں کام کرنے والے افراد کی کام کی جگہ کو شمار کرنے کا طریقہ دیا گیا ہے ۔

○ وہ افراد جو اپنی ذاتی زرعی اراضی / جنگلات، یا ماہی گیری کی کشتیوں میں کام کرتے ہیں··· اپنا گھر
○ ذاتی روزگار والے ترکھان یا پھیری والے…………………………… اپنا گھر
○ ایسے ملازمین جو آؤٹ ڈور کام کرتے ہوں …………………… وابستہ ادارے کا پتہ
(آؤٹ ڈور کام کرنے والے عملے کے افراد، ڈرائیور، وغیرہ) ہیں۔
○ بحری جہاز کا عملہ …………………………… جہاز کے عمومی طور پر لنگر انداز ہونے والی بندر گاہ کا پتہ

**برسرروزگار افراد کے لیے**

## 14. ملازمت پیشہ افراد یا ذاتی کاروبار والے افراد

**ملازمت پیشہ افراد ···** کمپنی، تنظیم، سرکاری دفتر، پرائیویٹ دکان وغیرہ کے ملازمین کو کہا جائے گا۔

**※کنٹریکٹ پر بھیجے ···** کنٹریکٹ پر بھیجے گئے عملے سے مُراد، اگرچہ ان کو ”پارٹ ٹائم ملازمین یا عارضی ملازمین“ وغیرہ کہا گیا ہے لیکن ان کو ”کنٹریکٹ پر بھیجے گئے ملازم “ ہی شمار کیا جائے گا۔

**کمپنی کی مینجمنٹ یا ڈائریکٹر ···** کمپنی کے مینجنگ ڈائریکٹر، سی ای او، چیف فنانس آڈیٹر، مفاد عامہ کارپوریشن یا گروپ آف کمپنیز، نیز خودمختار انتظامی ادارے کے ڈائریکٹر/آڈیٹروغیرہ کی مینجمنٹ

➢ جنرل مینجر، مینجر وغیرہ جیسے عرف عام مینجمنٹ یا ایگزیکٹو آفسرکے عہدے پر فائز افراد اگر مینجنگ ڈائریکٹر یا صدر وغیرہ کے عہدے پر فائز نہ ہوں تو وہ”ملازمت پیشہ افراد“ شمار کیے جائیں گے۔

**ذاتی کاروبار کے مالک** ……….اگر ملازم کی خدمات حاصل کرتے ہیں تو "ملازمین رکھتے ہیں" شمار ہوگا۔
اور اگر ملازم کی خدمات حاصل نہیں کرتے تو"ملازمین نہیں رکھتے" شمار ہوگا۔
➢ کسی اسٹور کے مالک ہیں اور یہ اسٹور کمپنی کی طرز پر (جوائنٹ اسٹاک کمپنی (بشمول لمیٹڈ کمپنی) جوائنٹ وینچر، پارٹنرشپ، مشترکہ اسٹاک کمپنی،) ہے تو"کمپنی مینجمنٹ" شمار کیا جائے گا۔

**خاندانی پیشہ والے ملازم** …………. زراعت یا نجی اسٹور وغیرہ پر، زرعی اجناس یا اسٹور کے کام وغیرہ میں ہاتھ بٹانے والا کنبہ۔

**گھریلو روزگار** ……………….. مہیا کیے گئے خام مال سے، اپنے گھر پر ہی بغیرکسی بڑی نصب شدہ مشینری کی ضرورت کے انفرادی طور پر کام کرنا

## 15- ادارے کا نام

● اس ادارے کا نام لکھیں جہاں آپ کام کرتے / کرتی ہیں (صدر دفتر، برانچ، مقامی دفتر، کارخانہ، دکان وغیرہ)۔
○ برانچ یا مقامی دفتر میں کرنے والے افراد نہ صرف کمپنی کا نام بلکہ حقیقی کام کرنے کی برانچ یا مقامی دفتر کا نام بھی لکھیں۔
○ دو یا دو سے زائد اداروں میں کام کرنے والے افراد، طویل اوقات کام کرنے والے ادارے کا نام تحریر کریں ۔
○ کنٹریکٹ پر بھیجے گئے ملازمین، جس کمپنی یا ادارے میں کام کے لئے بھیجے گئے ہوں اس کا نام تحریر کریں۔

## 15- ادارے کے فرائض کی تفصیلات

● اس ادارے میں سرانجام دیے جانے والے بنیادی کاموں کی تفصیل لکھیں۔
● بنیادی مصنوعات، پیداواری اجناس یا سروسز کی اقسام، مینوفیکچرنگ ہے یا مرمت کا فرق، تھوک یا پرچون کا فرق، واضح کرتے ہوئے تحریر کریں۔
○ اگر اس ادارے میں آپ 2 سے زائد قسم کے مختلف فرائض سرانجام دیتے ہیں تو بنیادی فرائض میں سے صرف ایک کی تفصیلات تحریر کریں۔
○ تیار کردہ مصنوعات عام صارفین کو موقع پر ہی فروخت کرنے کی صورت میں "○○ مینوفیکچرنگ اور خوردہ فروشی" تحریر کریں۔
○ کنٹریکٹ پر بھیجے گئے ملازمین، جس کمپنی یا ادارے میں کام کے لئے بھیجے گئے ہوں اس کے کام کی نوعیت تحریر کریں۔

## 16- فرائض کے مشمولات

○ اس ادارے میں حقیقی طور پر جو کام آپ سر انجام دیتے ہیں اسی کی تفصیل لکھیں۔

○ اگر آپ کے پیشے کو حقیقی طور پر ظاہر کرنے والا عنوان جیسا کہ "سیکیورٹیز اینالِسٹ"، "بین الاقوامی وکیل"، " ڈیزائنر"، وغیرہ ہو تو وہ عنوان تحریر کریں۔

○ دو یا دو سے زیادہ قسم کے مختلف کام کرنے والے افراد، طویل وقت تک جس کام میں مشغول رہتے ہوں صرف اس ایک کام کی تفصیلات تحریر کریں۔
➢ مارکیٹنگ یا سیلز وغیرہ کے کام کے علاوہ ، کھانا پکانا، مینوفیکچرنگ، مرمت، جیسے ٹیکنکل یا پیشہ ورانہ کام بھی سرانجام دینے والے افراد، ٹیکنکل /پیشہ ورانہ کام تحریر کریں۔

مثلاً : قانونی ادارے کا نظم و نسق چلانا اور وکالت ……………… وکیل
ریسٹورانٹ چلانا اور باورچی……………………………… باورچی

○ کنٹریکٹ پر بھیجے گئے ملازمین، بذاتِ خود عملی طور پر سر انجام دینے والے کام کی تفصیل تحریر کریں۔

**15 اور 16 کی مثالیں**

〔مثال نمبر 1〕 مینوفیکچرنگ کا کام

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر15 | ادارے کا نام | آوزورا آٹوموبائل کمپنی کا کارخانہ نمبر 1 |
| | کاروبار کی نوعیت | ٹرانسمیشن کی پروڈکشن |
| سوال نمبر16 | فرائض کی نوعیت | ٹرانسمیشن اسمبلی بنانا |

〔مثال نمبر 2〕 سروسز کی صنعت

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر15 | ادارے کا نام | ٹوٹل کیئر سینٹر کمپنی، لمیٹڈ |
| | کاروبار کی نوعیت | عُمر رسیدہ افراد کے گھر جا کر نہلانا، کھانا کھلانا جیسی خدمات سر انجام دینا |
| سوال نمبر16 | فرائض کی نوعیت | ہوم ہیلپر |

〔مثال نمبر 3〕 تھوک فروشی کا کام

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر15 | ادارے کا نام | لیکار ٹریڈنگ کمپنی، لمیٹڈ |
| | کاروبار کی نوعیت | شراب و مشروبات کی تھوک فروشی |
| سوال نمبر16 | فرائض کی نوعیت | سامان تجارت کی خریداری |